
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- اس کتاب کی activities کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سوچنے اور سیکھنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویر کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کو پی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ اور بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں کھولیں اور خاموشی سے تصویریں دیکھیں۔ پھر ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ ان کو کون سی تصویر زیادہ پسند آئی اور کیوں؟ |
| 20 منٹ | • ٹیچر پوچھیں کہ کتاب کے title پر ان کو کون کون سی چیزیں (طوطا، بطخ، اسٹرابیری، سیب، وغیرہ) اور کتنے رنگ نظر آ رہے ہیں (لال، پیلا، سبز، سفید، نارنجی وغیرہ)۔ بچے بولتے جائیں اور ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اگر وقت ہو تو ان چیزوں کے نام اور رنگوں کے نام کی انگریزی بچوں سے پوچھیں اور وہ بھی بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اپنی کوپیوں میں چیزوں کے نام اور رنگوں کے نام لکھتے جائیں۔ |
| 15 منٹ | • پھر بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے جملہ بنائیں اور اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ |

# سیشن 2

35 منٹ

- بچوں سے آج پوچھیں کہ کتاب میں جتنی تصویریں دکھائی گئی ہیں ان میں سے ایک تصویر کو موضوع بنا کر اس پر ایک چھوٹا سا مضمون لکھیں۔ یہ کام بچے خاموشی سے کریں گے اور ٹیچر ان سے کہیں کہ اگر کسی بچے کو کوئی دقت ہو وہ ٹیچر سے پوچھتے جائیں۔ جو بچے کام پہلے ختم کر لیں ان سے ٹیچر کہیں کہ وہ خاموشی سے بیٹھیں تاکہ دوسرے بچے disturb نہ ہوں۔ اگر سارے بچے وقت سے پہلے کام ختم کر لیں تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اپنے مضمون پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ

- جب سب کام ختم ہو جائے اور وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ یہ ساری چیزیں جو کتاب میں دکھائی گئی ہیں وہ کس نے بنائی ہیں۔ بچے کہیں گے اللہ نے۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ اور کیا کیا چیزیں اللہ نے بنائی ہیں۔ سب بچوں کو بولنے کا موقع دیں اور پھر بچوں کو بتائیں کہ ہمیں اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ انسان، جانور اور پیڑ پودوں کے ساتھ محبت سے پیش آنا چاہئے۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن میں بچوں سے ڈرائنگ کا کام کروایا جائے گا۔ لہٰذا ٹیچر پہلے سے ہر بچے کے لئے علیحدہ علیحدہ کاغذ، clipboard، رنگین پینسل یا crayon کے بکس، سادہ کاغذ وغیرہ کا انتظام کر کے رکھیں۔

# سیشن 3

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • ٹیچر بچوں کو سفید کاغذ اور کلپ بورڈ (clip board) یا ڈروئنگ بورڈ دیں۔ اس کے ساتھ رنگین پنسلوں کا یا crayon کا بکس بھی دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کی گاڑی یا پھول یا کوئی پرندہ بنا کر اس میں رنگ بھریں۔ یہ کام ختم کرنے کے بعد بچے اپنا نام، کلاس اور تاریخ لکھیں۔ اگر بچوں کو کوئی مشکل ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔ |
| 10 منٹ | • جب یہ کام ہو جائے تو ان بچوں کو جن کو پہلے بولنے کا موقع نہیں ملا ہے ان کو سامنے بلا کر کہیں کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں بات کریں۔ |
| 15 منٹ | • اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی بنائی ہوئی تصویر کو موضوع بنا کر 4 - 3 لائن کا پیراگراف لکھیں۔ |

# سیشن 4

10 منٹ

- ٹیچر آج کلاس میں دیوار پر رسی باندھیں اور اس پر بچوں کے بنائے ہوئے کام کو کلپس سے باندھ کر ڈسپلے کریں تا کہ سارے بچے اپنے بنائے ہوئے کام کو دیکھ سکیں۔

30 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں کھولیں۔ ہر بچہ باری باری بتائے کہ ہر صفحہ پر کیا کیا بنا ہوا ہے۔ مثلاً ایک بچہ کہے گا صفحہ نمبر 3 پر کوا بنا ہوا ہے۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں گی کوا اور بچوں سے پوچھیں گی کہ اس کی انگریزی کیا ہے۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں گی اور بچے اپنی کوپیوں میں۔ دوسرا بچہ کہے گا کہ صفحہ نمبر 5 پر ایک ہنس بنی ہوئی ہے۔ ٹیچر بچوں سے ہنس کی انگریزی پوچھیں گی اور بورڈ پر لکھیں گی۔ تیسرا بچہ کہے گا کہ صفحہ 7 پر گاڑیاں اور crayons بنے ہوئے ہیں۔ ٹیچر اس کی انگریزی پوچھیں (گاڑی = car) اور بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں گے۔ اسی طرح ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھتی جائیں گی اور بورڈ پر لکھتی جائیں گی۔ اس طرح سے یہ کام صفحہ 15 پر ختم ہو گا پھر جو چیزیں بنی ہوئی ہیں مثلاً تربوز، گولڈفش، رنگین پتے، دریا، غروب ہوتا ہوا سورج، جوتا، چھتری، drums اور سبزیاں وغیرہ ہیں۔

5 منٹ

- اس کے بعد بھی وقت بچ جائے تو بچوں سے پوچھیں کہ جو سبزیں کتاب میں دکھائی گئی ہیں ان میں سے کتنے بچے وہ سبزیاں شوق سے کھاتے ہیں۔

# سیشن 5

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے واحد جمع کا کام کرائیں گی۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| کوے | کوا |
| گاڑیاں | گاڑی |
| تتلیاں | تتلی |
| طوطے | طوطا |
| مچھلیاں | مچھلی |
| پتے | پتہ |
| جوتے | جوتا |
| چھتریاں | چھتری |
| لڑکے | لڑکا |
| سبزیاں | سبزی |

- ٹیچر بورڈ پر ٹیبل بنائیں اس میں واحد لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر جمع لکھیں۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ان کو جو تصویریں نظر آ رہی ہیں اس کی جوڑ توڑ لکھیں مثلاً

ک + و + ا = **کوا**

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان میں کس کس کو کتاب پڑھنے کا شوق ہے۔ جو بچے ہاتھ اٹھائیں ان سے پوچھیں کہ وہ کون سی کتاب شوق سے پڑھتے ہیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کل وہ اسکول میں اپنی پسند کی کوئی ایک رنگین کتاب لے کر آئیں گے۔ کتاب یا تو اپنی ہو یا بھائی بہن کی ہو یا دوستوں کی ہو ان سے پوچھ کر کتاب کو حفاظت سے لائیں گے اور حفاظت سے واپس لے جا کر انہیں دیں گے۔ کوشش کریں کہ اچھی رنگین تصویروں والی کتاب ہو۔

# سیشن 6

15 منٹ • ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کون کون کتاب لایا ہے وہ اپنے ہاتھ اٹھائیں۔ پھر جن بچوں کو اب تک بات کرنے کا موقع نہیں ملا ہے ان کو سامنے بلا کر ان سے پوچھیں کہ ان کو یہ کتاب کیوں پسند ہے؟ اگر بچے پڑھ نہیں سکتے ہیں تو بچے کتاب کے بارے میں بتائیں۔ ٹیچر یہ کام تقریباً 8-6 بچوں سے کروائیں۔

15 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کسی جانور پر کہانی سنائیں اور کلاس میں سنائیں۔ بہت ممکن ہے کہ بچے فوراً سامنے نہ آئیں تو ٹیچر خود کسی ایک چیز پر ایک کہانی بنائیں اور اسی وقت بچوں کو سنائیں۔ اس کے بعد پھر بچوں سے پوچھیں کہ اب کون ان میں سے کہانی سنانا چاہتا ہے۔

15 منٹ • بچوں کی بنائی ہوئی تصویریں کلپ سے نکالیں اور بچوں کو واپس کریں اور بچوں کو تاکید کریں کہ وہ احتیاط سے اپنی بنائی ہوئی تصویریں گھر لے جائیں اور سنبھال کر رکھیں۔

# میرے اتنے سارے رنگ
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi:  Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk